اداریہ

اسلام امن وآشتی اور الفت ومحبت کا دین ہے۔اس کی تعلیمات کا ہر ہر حرف اور ہر ہر لفظ انسانیت سے شفقت ومحبت اور الفت کا آئینہ دار ہے۔شرک کے بعد جو چیز اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کے نزدیک سب سے زیادہ ناپسندیدہ ہے وہ ظلم ہے، چاہے وہ انفرادی ہو یا اجتماعی ،کسی فرد پر یا جماعت پر،افعال کی شکل میں ہو یا اقوال کی شکل میں،افکار و نظریات کی صورت میں ہو یا ان کے نفاذ وتطبیق کی صورت میں،الغرض کسی بھی نوعیت و سطح کا ہو اسلام نے اس سے ناپسندیدگی کا اظہار کیا ہے جبکہ امن وآشتی اور شفقت ومحبت کو اسلام نے گنجِ گراں مایہ اور تشتت وافتراق کی شکار قوموں اور معاشروں کے لیے آبِ شفاء قرار دیا ہے۔

اس بات میں کوئی دوسری رائے نہیں کہ اسلام کا حلقہء افکار ایسا تنگ نہیں جو انسانی فطرت کو ظلم وعدوان کا زندانی بنا دے بلکہ اسلام کی وسعت وکشادگی اپنے پیروکاروں کو ناقہ ءشاہدِ رحمت کا حدی خواں بنا کر اور ان کے بختِ خفتہ کو بیدار کر کے انھیں ترقی وسربلندی کی راہیں دکھلاتا ہے۔لیکن فی زمانہ عالم اسلام نہایت ہی دل خراش وکرب ناک منظر نامہ پیش کر رہا ہے۔اسلام کے پیروکارں کی کوتاہ نظری نے انہیں زیاں کاری اور سود فراموشی کا مریض بنا دیا ہے، وہ فکر فردا سے تہی دست وغافل باہمی خون ریزی اور فتنہ وفساد کی دلدل میں دھنسے جا رہے ہیں۔یہ ساری خرابی زاویہ نگاہ کی ہے،ہم کبھی خود حقائق کا سامنا کرنے سے گریز کرتے ہیں اور کبھی حقائق ہمیں فریب دے جاتے ہیں۔اسلامی تعلیمات کی روح سے عدم آشنائی عدم برداشت کے رویوں کی آبیاری کا سبب بن رہی ہے اور فکری بانجھ پن کا شکار لوگ اسلامی تعلیمات کی من مانی تشریحات سے نوجوانوں کو جنت کے خواب دکھا کر انھیں غیر معمولی جوش وخروش سے ظلم وعدوان اور آگ وخون کی وادیوں کے مسافر بنا رہے ہیں۔اس دل خراش وکرب ناک منظر نامہ کو بدلنے اور اس محاذ پر کامیابی کے لیے اصحاب فکر ودانش اور گہرا علمی رسوخ رکھنے والے مذہبی سکالرز ہی موثر ثابت ہو سکتے ہیں کیونکہ اس بیاباں کی شب تاریک میں قندیل ربانی صرف قرآن وسنت کی تعلیمات ہیں۔

الحمدللہ! علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی فیکلٹی آف عربیک اینڈ اسلامک سٹڈیز اپنے قیام سے تاحال اسلام کے پیغام امن ومحبت اور قرآن وسنت کی تعلیمات کی آبیاری وترویج کے لیے سرگرم عمل ہے۔فیکلٹی کے علمی وتحقیقی مجلّہ معارف اسلامی کی اشاعت کا مقصد بھی درحقیقت قرآن وسنت کی تعلیمات کی روشنی میں درست فکری آبیاری ہے اور معارف اسلامی کا موجودہ شمارہ قرآن وسنت کی تعلیمات کی روشنی میں لکھے گئے چند تحقیقی نوعیت کے مضامین کا مجموعہ ہے۔آخر میں ہم ان تمام

اہل قلم احباب کے شکر گذار ہیں جنہوں نے اپنے رشحات قلم سے مجلّہ ہذا کو قابل اشاعت بنانے میں ہمارے ساتھ تعاون کیا۔ اللہ سب کو اجر عظیم سے نوازے اور ہماری اس کاوش کو اپنے حبیب مکرم حضرت محمد ﷺ کے طفیل شرف قبولیت عطا فرماتے ہوئے قارئین کی رہنمائی کا ذریعہ بنائے۔ آمین بجاہ النبی الامین.

پروفیسر ڈاکٹر عبدالحمید خان عباسی

مدیر